سوال

(107) مسجد کے پڑوس میں عورتوں کی نماز کے لئے جگہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہماری مسجد کے شمالی جانب ایک جگہ ہے جس میں چاردیواری بنی ہوئی ہے اور یہ جگہ مسجد کے ساتھ ملحق ہے، ہم اس جگہ کو رمضان میں عورتوں کی نماز کے لئے مخصوص کرنا چاہتے ہیں۔ کیا اس جگہ عورتوں کے لئے نماز پڑھنا جائز ہے، یاد رہے اس جگہ عورتیں امام کو دیکھ نہیں سکیں گی بلکہ صرف لاوڈ سپیکر کے ذریعہ امام کی اقتداء کر سکیں گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس طرح کی جگہ میں عورتوں کی نماز کے صحیح ہونے کے بارے میں علماء میں اختلاف ہے، جبکہ وہ نہ امام کو دیکھتی ہوں اور نہ امام کے پیچھے مقتدیوں کو بلکہ صرف تکبیر کی آواز سنتی ہوں۔ عورتوں کے لئے زیادہ محتاط بات یہ ہے کہ وہ ایسی جگہ نماز ادا نہ کریں بلکہ اپنے گھروں میں نماز پڑھیں۔ الا یہ کہ ان کے لئے مسجد میں نمازیوں کے پیچھے جگہ ہو یا مسجد سے باہر ان کے لئے کوئی ایسی جگہ ہو جس سے وہ امام یا بعض مقتدیوں کو دیکھ سکیں۔

[فتاویٰ ابن باز]()